**SBB / ADL**

**20-10-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر وارانسی میں تقریباً 6 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ حکومت کھیتوں سے ہی فروخت ہونے والی زرعی فصلوں کی قیمتوں اور باغبانی پیداوار کی خردہ قیمتوں کے درمیان فرق کو دور کرنے کیلئے ایک کمیٹی قائم کرے گی۔

☆ سینٹرل ریلوے، دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کے دوران مسافروں کی بھاری بھیڑ سے نمٹنے کیلئے مہاراشٹر کے مختلف مقامات سے 570 خصوصی ٹرینیں چلائے گا۔

☆ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی نے پاکستان میں مذہبی عدم رواداری، ہندو اور عیسائی لڑکیوں کا جبری اغوا اور مذہب کی تبدیلی نیز میڈیا پر پابندیوں کے تئیں شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں

آج شام دبئی میں خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے فائنل میں نیوزی لینڈ کا سامنا جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM - Varanasi**

وزیر اعظم نریندر مودی آج اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی کا دورہ کریں گے اور تقریباً 6 ہزار ایک سو کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ وزیر اعظم دوپہر 2 بجے کے قریب کاشی پہنچیں گے اور آر جے **Sankara** آئی ہاسپٹل کا افتتاح کریں گے۔ اس کے بعد وہ تقریباً سوا چار بجے وارانسی کے سِگرا اسٹیڈیم میں متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC- Sushil Tiwari**

جناب مودی سِگرا اسٹیڈیم میں آج جس پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے، اس کا مقصد ایک جدید ترین اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنا ہے۔

اس اسپورٹس کمپلیکس میں مہارت کے قومی مرکز، کھلاڑیوں کیلئے ہاسٹل، اسپورٹس سائنس سینٹر، مختلف کھیلوں کی پریکٹس کیلئے میدان، اِن ڈور شوٹنگ رینج اور جنگی کھیلوں کے میدان ہوں گے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ہاکی کے سرکردہ کھلاڑی اور پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے تمغہ جیتنے والی ٹیم کے اہم رکن للت اپادھیائے نے کہا کہ ریاستی اور مرکزی حکومتوں کی کوششیں، پوروانچل خطے میں کھیلوں کو فروغ دینے جا رہی ہیں۔

**SB- Lalit Upadhyay**

## PM Ambikapur Airport

وزیراعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ امبکاپور میں ماں مہامایا ہوائی اڈے کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نگارے سے

**V/C Vikalp Shukla**

ماں مہامایا ہوائی اڈا، چھتیس گڑھ کے قبائلی اکثریت والے **Surguja** خطے میں واقع ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے آغاز سے مقامی آبادی کے ایک دیرینہ مطابہ کی تکمیل ہوگی۔

**Surguja** ڈیویژن میں نقل و حمل کی بہتر سہولیات سے تجارتی سرگرمیوں، سیاحت اور روزگار کے مواقعوں کو بھی فروغ ملے گا۔

اس ہوائی اڈے کے قیام سے خطے کا کا فضائی **Connectivity** کا خواب حقیقت کی شکل اختیار کرے گا۔

## PM Rewa Airport

وزیر اعظم نریندر مودی آج مدھیہ پردیش میں نو تعمیر شدہ ریوا ہوائی اڈے کا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاح کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Sanjeev Sharma**

وزیراعظم نریندر مودی آج ورچوئل وسیلے سے ریوا ہوائی اڈے کا افتتاح کریں گے۔ بھوپال، جبل پور، کھجوراہو، اندور اور گوالیار کے بعد ریوا مدھیہ پردیش کا چھٹا ریاستی ہوائی اڈا ہے۔ ریوا ہوائی اڈا 450 کروڑ روپے کی لاگت سے بنا ہے۔ 102 زمین پر بنا یہ ہوائی اڈا آئندہ 50 سالوں کی ضرورتوں کو دھیان میں رکھ کر بنایا گیا ہے۔ اس کا Runway 30 میٹر چوڑا اور 800 میٹر لمبا ہے۔ ATR-72 جیسے طیارے اس ہوائی اڈے سے Operate کیے جا سکتے ہیں۔ ریوا ہوائی اڈے سے فلائٹس کے آغاز کے ساتھ ہی ریاست کے 65 لاکھ سے زیادہ افراد کو اس سے فائدہ ہوگا۔ یہ ہوائی اڈا پورے Uindhya خطے میں بڑی تبدیلیاں روہنما کرنے والا ثابت ہوگا۔ اس سے ریوا خطے میں سیاحت کے ساتھ سرمایہ کاری کو بھی فروغ ملے گا۔

سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

## Chouhan Committee

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ حکومت کھیتوں سے ہی فروخت ہونے والی زرعی فصلوں کی قیمتوں اور باغبانی پیداوار کی خردہ قیمتوں کے درمیان فرق کو دور کرنے کے لیے ایک کمیٹی قائم کرے گی۔

نئی دلی میں ایک زرعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ کسان 5 روپے کلو سبزیاں فروخت کرتے ہیں جبکہ صارفین اس کے لئے 50 روپے ادا کرتے ہیں۔ لہٰذا اِس فرق کو کم کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب چوہان نے اگلے ماہ 'کرشی چوپال' شروع کرنے کے منصوبوں کی بھی نقاب کشائی کی۔ یہ ایک ایسی پہل ہے جس کا مقصد زرعی تحقیق میں لیب سے زمین تک کی خلیج کو پُر کرنا ہے۔ انہوں نے ملک بھر میں 730 سے زیادہ کرشی وگیان کیندروں (KVKs) کے کام کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا، جس میں زرعی تحقیق سے متعلق بھارتی کونسل ICAR، یونیورسٹیوں اور ریاستی حکومتوں سمیت مختلف حکام کے تحت بکھرے ہوئے انتظام کے بارے میں خدشات کو اجاگر کیا گیا۔ وزیر موصوف نے ریاستوں پر زور دیا کہ وہ 2 سے ڈھائی ایکڑ پر محیط ماڈل فارم تیار کریں تاکہ زراعت میں بہترین طور طریقوں کا مظاہرہ کیا جاسکے۔جناب چوہان نے کہا کہ زراعت بھارت کی اقتصادیات کیلئے ریڑھ کی ہڈی ہے اور اس شعبے کو مضبوط کیے بغیر کوئی ترقی ممکن نہیں ہے۔

## CR Spcial Train

آنے والے دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کی وجہ سے شمالی اور مشرقی ریاستوں کا سفر کرنے والے مسافروں کی بھاری بھیڑ سے

نمٹنے کیلئے سینٹرل ریلوے نے ممبئی، پونے اور ناگپور سمیت مہاراشٹر کے مختلف مقامات سے کُل 570 خصوصی ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا ہے۔ 570 فیسٹیول خصوصی ٹرینوں میں سے 108 ٹرینیں سینٹرل ریلوے کی طرف سے لاتور، ساونت واڑی روڈ، ناگپور، پونے، کولہاپور، ناندیڑ اور مہاراشٹر کے دیگر مقامات پر جانے والے مسافروں کے لیے چلائی جا رہی ہیں۔ ان ٹرینوں میں اے سی اسپیشل، اے سی سلیپر اور جنرل کوچز اور غیر ریزرو اسپیشل ٹرینیں شامل ہیں۔

شمالی ریاستوں کی طرف جانے والے مسافروں کے لیے سنٹرل ریلوے مختلف مقامات جیسے دانا پور، گورکھپور، چھپرا، وارانسی، سمستی پور، آسنسول، اگرتلہ اور سنترا گاچی اور دیگر جگہوں کے لیے 378 ٹرپس چلا رہا ہے۔ خصوصی ٹرینوں کے تفصیلی ٹائم ٹیبل کے لیے مسافر www.enquiry.indianrail.gov.in دیکھ سکتے ہیں یا NTES ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

**Bihar Central Team**

ایک اعلیٰ سطحی بین روزارتی مرکزی ٹیم IMC بہار کے تین روزہ دورے پر آج پٹنہ پہنچے گی، جو حالیہ سیلاب سے ہوئے نقصان کا جائزہ لے گی۔

وزارت داخلہ کے جوائنٹ سکریٹری پارتھ سارتھی اس سات رکنی ٹیم کی سربراہی کریں گے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کے ریاستی وزیر سنتوش کمار سمن نے بتایا کہ یہ ٹیم 20 اور 21 اکتوبر کو ریاستی افسران کے ساتھ میٹنگ کرے گی۔ انھوں نے کہ پشتوں، سڑکوں، عمارتوں، فصلوں اور بجلی کی سپلائی لائنز کو ہوئے نقصان کے پیش نظر ریاستی حکومت نے مرکز سے تین ہزار 638 کروڑ روپے کی مالی اعانت کا مطالبہ کیا ہے۔

جناب سمن نے کہا کہ اس مدد کا استعمال سیلاب سے ہوئے نقصان کے معاوضے، فصل کے نقصان کے معاوضے اور سیلاب میں برباد ہوئے دیگر ڈھانچوں کو پھر سے کھڑا کرنے کے لے کیا جائے۔

اس سال اگست اور ستمبر کے مہینوں میں سیلاب سے تقریباً 30 اضلاع متاثر ہوئے ہیں۔

گنڈک اور کوسی ندیوں کے پانی کی سطح میں غیر معمولی اضافے اور بڑے پیانے پر پانی کے اخراج کی وجہ سے شمالی بہار میں وسیع نقصان ہوا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UNHRC Pakistan**

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی کی ایک تفصیلی رپورٹ میں پاکستان میں مذہبی عدم رواداری پھیلنے، ہندو اور عیسائی لڑکیوں کے جبری اغوا اور تبدیلی مذہب نیز میڈیا اور اظہار رائے کی آزادی پر پابندیوں کے تئیں شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی نے پاکستان کی حکومت کی جانب سے شیعہ مسلمانوں، عیسائیوں، احمدیوں، ہندوؤں اور سکھوں پر حملوں اور دھمکیوں کی خطرناک حد تک بڑھتی ہوئی تعداد سے نمٹنے میں ناکامی پر بھی سوالات اٹھائے ہیں۔
اِن خدشات کا اظہار اقوام متحدہ کے ہری اور سیاسی حقوق سے متعلق بین الاقوامی عہد CCPR کمیٹی کی جانب سے پاکستان میں انسانی حقوق کی صورتحال کے جائزے کے دوران کیا گیا ہے۔
کمیٹی کی اِس رپورٹ میں پاکستان میں عام انتخابات کو متاثر کرنے کیلئے حکومتی اداروں اور حکام کی جانب سے سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ پر جاری پابندیوں، بندشوں اور نگرانی پر بھی سوالات اٹھائے گئے ہیں۔x

**International ATC Day**

آج ایئر ٹریفک کنٹرولر، ATC کا بین الاقوامی دن ہے۔ یہ دن پہلی مرتبہ 20 اکتوبر 2012 کو منایا گیا، جس کے بعد یہ ہر سال 20 اکتوبر کو منایا جاتاہے۔ اِس دن کا مقصد ہوا بازی کی صنعت کے گمنام ہیروز کو سلام پیش کرنا ہے، جو لوگوں کے فضائی سفر کو محفوظ اور آسان بناتے ہیں۔ ATC افسران روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں پروازوں کا نظم ونسق دیکھتے ہیں اور پرواز سے لے کر لینڈنگ تال میل بناتے ہیں۔
آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے ایئرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے ایئر ٹریفک مینجمنٹ کے جوائنٹ جنرل مینجر اے۔کے۔سری واستو نے بتایا کہ دلی کا IGI ہوائی اڈہ دنیا کے سرِفہرست دس ہوائی اڈوں میں سے ایک ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس ہوائی اڈے پر چار Run Ways ہیں جہاں سے قریب ایک ہزار چار سو پروازوں کا روزانہ کی بنیاد پر ٹریفک کنٹرولنگ اسٹاف کے ذریعے انتظام کیا جاتا ہے۔

**S/B AK Srivastav Sent to GNR**

**Kashmir Marathan**

وادئ کشمیر نے آج سرینگر میں اپنے پہلے بین الاقوامی میراتھن کی میزبانی کی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Sunil Koul**

کشمیر وادی میں اہم بین الاقوامی انعقاد کے طور پر وزیراعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج صبح سوا چھے بجے سری نگر کے پولو ویو سے کشمیر میراتھن کی جھنڈی دکھاکر شروعات کی۔
اس میراتھن میں 59 غیر ملکی اتھلیٹس سمیت کُل دوہزار اتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔یہ اتھلیٹس فُل میراتھن میں 42 کلومیٹر جبکہ ہاف میراتھن میں 21 کلومیٹر

دوڑیں گے۔
جموں و کشمیر سیاحت کے ڈائریکٹر راجہ یعقوب فاروق نے بتایا کہ اس میراتھن میں حصہ لینے والوں کا تعلق 29 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں اور 13 ممالک سے ہے۔
جناب فاروق نے مزید کہا کہ اس میراتھن سے دنیا بھر میں یہ پیغام جائے گا کہ وادی کشمیر پُرسکون ہے اور بین الاقوامی انعقاد کے لیے حالات سازگار ہیں۔
سری نگر سے سنیل کول کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......................

**India Russia Brics**

بھارت-روس تجارتی تعلقات کو تقویت دینے کی کوشش کے طورپر ماسکو میں واقع بھارتی سفارتخانے نے برکس تجارتی فورم کے بھارتی مندوبین کیلئے بھارت-روس بین تجارتی نیٹ ورکنگ عشایئے کا اہتمام کیا۔ اس دوران روس میں بھارتی سفیر ونئے کمار نے بھارت اور روس کے 80 سے زیادہ صنعتی رہنماؤں سے ملاقات کی اور تجارت اور سرمایہ کاری صلاحیت اور اسٹریٹیجک شراکت داری کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔
برکس بین تجارتی میٹنگ، برکس بزنس کونسل اور برکس بزنس الائنس کے توسط سے منعقد کی جاتی ہے۔ ماسکو میں اختتام پذیر برکس بزنس فورم میں برازیل، روس، بھارت، چین، جنوبی افریقہ، مصر، ایران ، متحدہ عرب امارات اور ایتھیوپیا کے صنعتی رہنماؤں نے شرکت کی۔
تقریب کے دوران اِن صنعتی رہنماؤں نے اقتصادی ترقی پر اپنے نظریات مشترک کئے۔
فورم سے خطاب کرتے ہوئے روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا کہ آنے والے برسوں میں برکس ممالک، عالمی اقتصادی ترقی کے بڑے حصے دار کے طورپر تعاون کریں گے۔
ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ میٹنگیں، منگل کے روز سے روس کے شہر کازان میں شروع ہورہے برکس چوٹی کانفرنس کیلئے ماحول تیار کریں گے۔
دیگر اراکین اور مدعو ممالک کے علاوہ وزیر اعظم نریندر مودی بھی برکس چوٹی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

**Sports Roundup**

مردوں کے کرکٹ میں بینگلورو میں جاری بھارت اور نیو زیلینڈ ٹیسٹ میچ کے پانچویں دن آج نیو زیلینڈ اپنی دوسری اننگز کا کھیل دوبارہ شروع کرے گی۔ نیو زیلینڈ کو یہ ٹیسٹ میچ جیتنے کے لیے ایک دن میں 107 رن بنانے ہوں گے۔ نیو

زیلینڈ کے پاس دس وکٹ موجود ہیں۔

اِس سے پہلے بھارتی ٹیم کُل اپنی دوسری اننگز کے اختتام پر 462 رن پرآل آؤٹ ہوگئی۔ سرفراز خان نے بھارتی ٹیم کے لیے 150 رن کی شاندار اننگز کھیلی جبکہ رِشبھ پنت 99 رن بناکر محض ایک رن سے اپنی سینچری بنانے سے محروم رہ گئے۔

وہیں خواتین کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ عالمی کپ کے فائنل میں آج جنوبی افریقہ کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔جنوبی افریقہ نے سیمی فائنل میں آسٹریلیا کو ہراکر فائنل میں داخلہ حاصل کیا ہے۔ اس طرح جنوبی افریقہ نے لگاتار چوتھی مرتبہ ٹی۔ٹوئینٹی عالمی کپ جیتنے کی آسٹریلیا کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔

وہیں نیو زیلینڈ نے سنسنی خیز سیمی فائنل میں ویسٹ انڈیز کو ہرایا۔ خواتین ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ کا فائنل بھارت وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے دبئی میں کھیلا جائے گا۔

ہاکی میں سلطان آف جوہر کپ میں کُل بھارت نے جاپان کو چار۔ دو سے ہراکر اپنی مہم کی شاندار شروع کی ہے۔

ملیشیا میں جاری اِس ٹورنامنٹ کے کل کھیلے گئے میچ میں بھارت نے 12منٹ میں عامر علی کے شروعاتی گول کی بدولت مقابلے پر اپنی گرفت مضبوط کرلی۔ اس کے بعد گُرجوت سنگھ، آنند سوربھ کُشواہا اور انکِت پال نے اِس سبقت میں اور اضافہ کیا۔

وہیں جاپان کی جانب سے Tusbasa Tanka اور Rkusei Yamanaka نے جاپان کے لیے ایک ایک گول کیے۔

آج دوپہر بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بج کر 35 منٹ پر شروع ہوگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیر رضوی

شکریہ – آستیہ

قومی راجدھانی دلی کے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے BJP کی جانب سے جھارکھنڈ آسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کئے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق 66 ناموں پر مشتمل اس فہرست میں 11 خواتین کو جگہ دی گئی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کی رہائش گاہ پر ہوئے ڈرون حملے کی خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایاہے۔ اخبار کے مطابق لبنان سے لانچ کیے گئے ڈرون نے تل ابیب کے شال میں نیتن یاہو کے گھر کو نشانہ بنایا تاہم اُس وقت نیتن یاہو یا اُن کے اہلِ خانہ گھر پر موجود نہیں تھے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی کی جانب سے 23 اکتوبر کو وائناڈ لوک سبھا حلقے سے

کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔ وائناڈ لوک سبھا سیٹ، راہل گاندھی کے استعفیٰ کے بعد خالی ہوئی تھی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے خواتین کے قومی کمیشن کی چیئرپرسن کے عہدے پر وجیہ راہٹکر کے تقرر کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق محترمہ راہٹکر، سال 2016 سے سال 2021 تک مہاراشٹر خواتین کمیشن کی چیئرپرسن رہ چکی ہیں۔

روزنامہ ملاپ نے سرفراز خان کی پہلی ٹیسٹ سینچری کی خبر کو کھیلوں کے صفحے پر جگہ دی ہے۔ سرفراز نے قریب 91 کے اسٹرائیک ریٹ سے 110 گیندوں میں 106 رن بنائے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر وارانسی میں تقریباً 6 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ حکومت کھیتوں سے ہی فروخت ہونے والی زرعی فصلوں کی قیمتوں اور باغبانی پیداوار کی خردہ قیمتوں کے درمیان فرق کو دور کرنے کیلئے ایک کمیٹی قائم کرے گی۔

☆ سینٹرل ریلوے، دیوالی اور چھٹ پوجا تہواروں کے دوران مسافروں کی بھاری بھیڑ سے نمٹنے کیلئے مہاراشٹر کے مختلف مقامات سے 570 خصوصی ٹرینیں چلائے گا۔

☆ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کمیٹی نے پاکستان میں مذہبی عدم رواداری، ہندو اور عیسائی لڑکیوں کا جبری اغوا اور مذہب کی تبدیلی نیز میڈیا پر پابندیوں کے تئیں شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں

آج شام دبئی میں خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے فائنل میں نیوزی لینڈ کا سامنا جنوبی افریقہ سے ہوگا۔

----------------------------------------